C315

Total Pages : 2 Roll No. ....

BAUL-102

Bachelor of Art (B.A. 16/17)

First Year Examination, 2022 (June)

(Paper-IInd "URDU SHAYERI")

بی.اے سال اوّل دوسرا پرچہ۔ اردو شاعری

Time : 2 Hours] **Max. Marks : 80**

نوٹ:۔ یہ پرچہ حصہ 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ ہر حصے کے سوالوں کا جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجیے۔

حصہ (الف)

مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال ۲۰ نمبر کا ہے۔ ۲×۲۰=۴۰

سوال نمبر ا۔ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی بتائے۔

رات ہنس ہنس کر یہ کہتی ہے کہ میخانہ میں چل
پھر کسی شہناز لالہ رخ کے کاشانہ میں چل
یہ نہیں ممکن تو پھر اے دوست ویرانے میں چل
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

یا

کچھ یادگارِ شہرِ ستم گر ہی لے چلیں
آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں
یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں

سوال نمبر ۲۔ اختر الایمان کی نظم "ایک لڑکا" پر تنقیدی تبصرہ کیجئے۔

سوال نمبر ۳۔ ناصر کاظمی یا فراق گورکھ پوری کی شاعرانہ خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۴۔ فیض کے حالاتِ زندگی پر جائزہ لیتے ہوئے ان کی نظم صبح آزادی کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۵۔ اختر شیرانی کی نظم "او دیس سے آنے والے بتا" کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالیے۔

حصہ (ب)

مندرجہ ذیل میں سے کسی چار سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال ۱۰ نمبر کا ہے۔ ۴۰=۴x۱۰

سوال نمبر ۱۔ تشبیہ یا استعارے کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔

سوال نمبر ۲۔ غزل کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

سوال نمبر ۳۔ فانی بدایونی کے مختصر سوانحی حیات لکھیے۔

سوال نمبر ۴۔ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

خرد کا نام جنوں پڑ گیا، جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسنِ کرشمہ ساز کرے

سوال نمبر ۵۔ آرزو لکھنوی کے مجموعے ''سریلی بانسری'' کی کیا خوبی ہے؟

سوال نمبر ۶۔ حسرتؔ کا پورا نام کیا تھا؟ اور وہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

سوال نمبر ۷۔ فراقؔ کی ادبی خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۸۔ تلمیح کسے کہتے ہیں؟ کم سے کم مثال کے لئے دو اشعار لکھیے۔